© rasailojaraid.com

نعتِ نبیؐ

○ ——— بشیر حسین ناظمؔ

مکینِ گنبدِ خضراء بہاءِ خُلدِ بریں
لوائے حمد کے حامل سعادتوں کے امیں

تو نورِ صبحِ ازل روشنیٔ شامِ ابد
تو تابِ شمس و قمر ضوءِ انجم و پرویں

ہے خاکِ پا تری کحل البصر پئے عشّاق
ترا نشانِ قدم قبلہ گاہِ اہلِ یقیں

ہے تیری دید ترا تذکرہ شہِ خوباں
قرارِ خاطرِ مُضطر سکونِ قلبِ حزیں

ترے گداؤں میں خاقانؔ و قیصر و کسریٰ
ترے غلاموں میں شامل ہے جبرئیلِ امیں

تری نگہ سے سلامت ہے زندگی میری
ترے کرم سے میرے روز و شب جمیل و حسیں

کلامِ خالقِ اکبر دلیل و شاہد ہے
رگِ ورید سے اقرب ہے وُہ، تو جاں سے قریں

کھُلی یوں اہلِ جہاں پر حقیقتِ ناظمؔ
خزف تھا، نعتِ نبیؐ سے بنا ہے دُرِّ ثمیں